خُدا کا بیٹا،
ہمارا نجات دہندہ

جیکی اوسچ

یسوع کی زندگی کے وسیلہ ہماری نجات کے لیے
خدا کا ظاہری منصوبہ

متی ، مرقس ، لوقا ، اور یوحنا کی کتابوں سے لی گئی کہانیاں

"...میں نے تیرے کلام میں اپنی اُمید کو رکھ لیا ہے ... "
زبور 119: 74

اقتباس کو بائبل مقدس، نیو انٹرنیشنل ورژن سے لیا گیا ہے (آر)، کاپی رائٹ (سی) 1973، 1978، 1984، منجانب انٹر نیشنل بائبل سوسائٹی، زونڈروان کی اجازت سے استعمال کر دہ ۔ با محفوظ تمام حقوق-(رائٹس)

آغاز

تعارف

سبق 1

اناجیل کے لیے وجہ

1- مریم اور یوسف کی کہانیاں
2- یوحنا کی کہانی
3- یسوع کی پیدائش
4- یسوع کی پیدائش کا اعلان

سبق 2
1- مجوسیوں کی تحقیق
2- مصر سے بچنا
3- یسوع کا ہیکل میں لایا جانا
4- یسوع او شعمون
5- یسوع اور حناہ

سبق 3
1- یسوع کی تلاش
2- یسوع کا اپنے باپ کے گھر میں پایا جانا
3- یسوع پطرس، اندریاس ، یعقوب او ر یوحنا کو بُلاتا ہے
4- یسوع متی کو بُلاتا ہے
5- یسوع کی پیروی کرنے سے کیا مراد ہے

سبق 4
1- یسوع کا پہلا معجزہ
2- کوڑھ (جذام) سے متعلقہ لاویوں کے قوانین
3- گنا ہ کا کوڑھ
4- کوڑھ والے شخص کا پاک صاف کیا جانا
5- میری زندگی کے اچھوت

سبق 5
1- چرواہے کے بغیر بھیڑ کی مانند
2- بھوکا ہجوم
3- یسوع پانچ ہزار کو کھانا کھلاتا ہے
4- عکس : کیا واقع ہوا تھا ؟
5- یسوع ، زندگی کی روٹی

 ©2013 CrossConnect ministries

سبق 6
1- یسوع طوفان کو تھما تا ہے
2- یسو ع میری کشتی پر حملہ کرنے والے طوفانوں کو تھماتا ہے
3- یسوع جانتا ہے کہ لعزرس بیمار ہے
4- یسوع جانتا ہے کہ لعزرس مردہ ہے
5- یسوع لعزرس کو موت سے چھڑاتا ہے

نظر ثانی : سٹڈی نمبر 12 - خدا کا بیٹا ، ہمارا نجات دہندہ

آغاز

جیسا کہ آپ اپنے بائبل کے مطالعہ کے ، " خدا کا بیٹا ، ہمارا نجات دہندہ" کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں ، یہ اُس مہم کو جاری رکھے گا جسے آپ کی بقیہ زندگی کو شکل دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے - آپ کا سفر آپ کے لیے بے مثال ہو گا اور یہ بائبل میں آپ کے بڑھتے ہوئے علم کےسرگرم جذبے اور خواہشمند ہونے کا احاطہ کرے گا اور کچھ مزید نئے کرداروں اور بائبل کی سچائیوں کی داد رسی کرے گا - آپ کی اِس مطالعہ کے وعدوں کے لیے پابندی آپ کی زندگی کو مالا مال کر دے گی جب خدا آپ کے ساتھ اپنے کلام کے وسیلہ بات کرتا ہے۔
آپ کو پانچ چیزوں کو اپنے ہاتھ میں رکھنے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے - یہ چیزیں پورے مطالعہ میں استعمال کی جائیں گی - آپ اِنہیں اپنے سیکھنے کے تجربے کو بڑھانے کے لیے روز مرہ کے مطالعہ کے لیے استعمال کریں گے -
1- یہ بائبل سٹڈی : خدا کا بیٹا ، ہمارا نجات دہندہ
2- بائبل مقدس کا نیو انٹرنیشنل ورژن (این آئی وی)- نوٹ: اگر آپ اِسکے لیے نئی خرید کر رہے ہیں ، تو ایسی بائبل دیکھیے جس میں یہ چیزیں ہوں :
الف - بائبل میں دی گئی انفرادی کتابوں کے ساتھ فہرست
ب- ہر صفحہ کے وسط میں قابلِ ترجیح کراس ریفرنس کے کالم
پ- بائبل کی پشت پر کنکورڈنس ، اور
ت- پشت پر کچھ بنیادی نقشے بھی پائے جاتے ہوں -
3- پین یا پینسل اور ہائی لائٹر
4- نوٹ بُک یا ٹیبلٹ
5- 3ضرب 5 یا 4ضرب6 کے انڈکس کارڈ -

چوتھے فیچر کے ساتھ جس کی نمبر2 میں فہرست دی گئی ہے آپ مناسب طریقے سے اپنی سٹڈی کی تیاری کریں گے اور کامیابی کے ساتھ کلام کے وسیلہ آگے بڑھنے کے لیے تیار رہیں گے - جب آپ اپنی بائبل خرید رہے ہوں تو اپنا انتخاب کرنے میں مدد کے لیے دُکاندار سے کچھ پوچھنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں - راہنمائی کے لیے کہیں خاص کر جب آپ دئے گئے کراس ریفرنس کی تلاش کر رہے ہوں -

 ©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

کچھ جسے آپکو جاننے کی ضرورت ہے : بائبل کے مختلف ترجمے بیرون ملک بائبل سٹوروں اور برنس اور نوبل قسم کے سٹوروں پر دستیاب ہیں ۔ اِس مطالعہ کے لیے صلاح کردہ ترجمہ نیو انٹر نیشنل ورژن ہے ، جو این آئی وی کے طور پر جانا جاتا ہے ۔ اِس بائبل سٹڈی میں حوالہ جات این آئی وی ترجمہ میں سے ہیں ۔ اِس ورژن کو اصل عبارت سے ترجمہ کیا گیا ہے مفکرین متفق ہیں کہ یہ ترجمہ غیر معمولی طور پر درست اور آج کی زبان کے استعمال کے لیے ہے ۔ بہت سے دیگر اچھے ترجمے دستیاب ہیں اور بعض اوقات بائبل کے خاص اقتباس کوواضح کرنے میں مدد دیتے اور سمجھ دیتے ہیں ۔ مختلف ترجموں میں اضافہ کرتے ہوئے ، کچھ بائبلوں کو پبلشز کی جانب سے ؐ بائبل سٹڈیز" بائبل کی استقرائی سٹڈی"، یا لائف اپلیکیشن بائبل" کے طور پر پیش کیا جاتا ہے ۔ یہ بائبلیں کشادہ نوٹس اور دیگر وسیع فیچرز کی پیشکش کرتی ہیں ۔

اپنی بائبل کی نشاندہی کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں ۔ آپ کو اجازت ہے ! اِسی لیے قلم اور ہائی لائٹر شامل ہیں ۔ یہ مطالعہ کے لیے آپ کی اپنی بائبل ہے ۔ اپنے نوٹس ، اپنے انڈر لائن کرنے، ہائی لائٹ کرنے ، دائرہ اور تیر کے نشان لگانے کے ساتھ اِسے اپنی بنائیے! خیالات ، سوالات،اور مطالعہ کے ذریعہ اپنے سفر کے طریقہ کار کو ریکارڈ کرنے کے لیے آپ کو اپنی نوٹ بک یا ٹیبلٹ استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے ۔

چھ اسباق میں سے ہر ایک کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۔ یہ حصے محض آپ کو بروقت انداز میں مطالعہ کے ذریعے آگے بڑھنے میں مدد کرتے ہوئے راہنمائی کریں گے۔ آپ کے مطالعہ کی رفتار آپ پر منحصر ہے ۔ بعض اوقات سبق زیادہ وقت کا تقاضا کرتا ہے اُس کی نسبت جو آپ کے پاس ہوتا ہے او ر یہ تقاضا کرے گا کہ آپ اِسے ایک سے زائد نشستوں میں مکمل کریں ۔ دوسرے اوقات پر آپ شاید سبق کے ایک حصے کو مکمل کریں اور اگلے پر جانے کا انتخاب کریں ۔

اگر یہ بائبل کے مطالعہ کی آپ کی پہلی کوشش ہے ، تو آپ کو اِس مطالعہ(سٹڈی) بعنوان "بائبل کو اپنا بنایے" کے ساتھ آغاز کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے ۔ یہ ایسا مطالعہ ہے جو آپ کی سٹڈی میں اشاراتی اوزار مہیا کرتی ہے اور آپ کو بائبل میں مکمل آگاہ ہونے کے قابل بناتی ہے ۔ بائبل کو اپنا بنایے کو ویب سائٹ سے ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے ۔
اضافی یونٹس کو بھی بلا معاوضہ ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے ۔

"خدا کا منصوبہ ، ہمارا انتخاب" پیدائش کے پہلے گیارہ ابواب کامطالعہ ہے ۔
"خدا کا وعدہ ، ہماری برکت" ابراہام کی کہانی ہے جو پیدائش12-25 میں پائی جاتی ہے ۔
"خدا کی وفاداری ، ہماری اُمید " اضحاق اور یعقوب کی کہانی ہے جو پیدائش 25 : 36 میں تحریر ہے ۔
"خدا کی معافی ، ہماری آزادی" ، پیدائش 37- 50 میں یوسف اور اُس کے بھائیوں کی کہانی ہے ۔
"خدا کا بُلاوہ ، ہماری رہائی "۔ حصہ اول اور دوم میں خروج کی کتاب شامل ہے
خدا کی حضوری ، ہماری فتح " یشوع اور قضاۃ کی کتابوں میں سے لی گئی کہانیوں کی سٹڈی ہے ۔
خدا کی مرضی ، ہمارا رستہ جس میں روت ، سیموئیل اور ساول کی کہانیاں شامل ہیں ۔
خدا کا رحم ، ہماری نجات میں داود اور سلیمان ،ایلیاہ اور الیشع کی کہانیاں شامل ہیں ۔
خدا کا کفارہ ، ہماری راستبازی دانی ، یوناہ ، عزرا اور نحمیاہ کی کہانیوں پر غور کرتی ہے ۔
اگرچہ یہ مطالعات سفارش کر دہ ہیں ، یہ اِس دسویں یونٹ بعنوان "خدا کا بیٹا ، ہمارانجات دہندہ " کے مطالعہ میں کامیابی کے لیے ضروری نہیں ہیں۔

آخر پر ، آپ کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ اِس سٹڈی کو آپ کے لیے لکھا گیا ہے تاکہ آپ اپنے طور پر سیکھنے کے قابل بن جائیں ۔ اِسے دوستانہ طریق کے ساتھ تیار کیا گیا ہے ۔ خود نظم و ضبط کے درجہ کے ساتھ آپ مواد کو بغیر کسی مشکل کے ڈھانپ لیں گے ۔ اور اُسی وقت ، سٹڈی خوش کن ہو گی ۔ آپ نئی معلومات کی حاصل کریں گے ۔ آپ

 ©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

دوسروں کے ساتھ نئی سیکھ اور بصیرتوں کو بانٹیں گے ۔ اور ، آپ سے کچھ چیلنجنگ سوالات پوچھے جائیں گے جو جوابات مانگیں گے ۔

اِس جواب کی پیش بینی کرتے ہوئے آپ کو مطالعہ کے لیے اپنے ساتھ دو دوستوں کو سنجیدگی سے دعوت دینے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ آپ اور آپ کی بیوی دو یا تین جوڑوں کو اپنے ساتھ سٹڈی میں شامل کرنا پسند کرے ۔ ہو سکتا ہے آپ ایسے کمپلس کے کمرے میں رہتے ہوں اور آپ کے دوست ہوں جنہیں آپ مطالعہ میں دعوت دینا پسند کرتے ہوں ۔ ہو سکتا ہے کوئی کام کے وقت سیکھنے کے لیے دعوت دے اُسے جو خدا بائبل میں کہتا ہے ۔ ہو سکتا ہے آپ کسی کلیسیا (چرچ) سے منسلک ہوں یا چرچ کو جانتے ہوں جہاں اِس کی کلاس کی پیشکش کی جاتی ہو جہاں طالبِ علمو ں کو اُس بارے بات چیت کرنے کی اجازت ہو جو اُنہوں نے پورے ہفتہ کے دوران سیکھا ہوتا ہے ۔ جو کوئی بھی آپ کی صورتِ حال ہو ، ہفتہ میں ایک بار ایک چھوٹے گروہ میں اکٹھے ہوتے ہوئے ایک محفوظ ماحول بنائے جہاں آپ اکٹھے دوستوں کے طور پر بائبل کے مطالعہ میں بڑھ سکیں اور بصیرتوں کو بانٹ سکیں ۔ آپ کے سٹڈی گروپ میں افراد ، خواہ وہ بڑا ہو یا چھوٹا ، وہ آپ کے مطالعہ کو بھر پور بنا دے گا جیسے آپ اُن کی مدد کرتے ہوئے اُنہیں بھر پور بناتے ہیں !

اب آغاز کرنے کا وقت ہے ! آئیں مہم کو جاری رکھیں !

 ©2013 CrossConnect ministries

تعارف

پوری تاریخ میں خدا مشن پر رہا ہے ، اور یہ مشن ہمارا اپنے ساتھ تعلق رکھنے کے لیے واپس بُلانے کا ہے ۔ پیدائش 3 میں کامل تعلق جسے خدا آدم اور حوا کے ساتھ رکھتا تھا اُن کی نافرمانی کے سبب تباہ ہو چُکا تھا ۔ بہر حال ، پھربھی خدا نے باغ میں ، اُس سب کو جو ٹوٹ چُکا تھا اُسے دوبارہ جوڑنے کا عمل شروع کیا ۔ پیدائش 3 : 15 میں اُس نے نجات دہندہ کا پہلا وعدہ کیا ۔ اُس کا مشن شروع ہوا جب اُس نے ساری مخلوقات کو اپنے ساتھ پیارے تعلق میں رکھنے کے لیے واپس بُلایا ۔

اب جیسا کہ ہم اپنا چار اناجیل (متی ، مرقس ، لوقا اور یوحنا)کا مطالعہ شروع کرتے ہیں ، جو کہ نئے عہد نامے کی پہلی چار کتابیں ہیں ، اِس میں ہم خدا کے منصوبے کو سیکھیں گے ، اپنے مشن کو انجام دینے کے لیے اُس کے طریقہ کار کو سیکھیں گے ۔ خدا کا چیمپین ، اُس کا اکلوتا بیٹا یسوع ، ایک بچے کے طور پرآتا ہے ، زمین پر ایک انسان کے طور پر زندگی بسر کرتا ہے ، پھر دُکھ برداشت کرتا اور مرتا ہے تاکہ ہمارے سب گناہوں کی ادائیگی کی جا سکے جن میں ہماری غلط کاریاں شامل ہیں جنھو ں نے ہمیں خدا دے الگ کر دیا ۔ یسوع نے ایسا اِس لیے کیا تاکہ تعلق جسے خدا تخلیق کے وقت بنی نوع انسان سے رکھنے کا خواہاں تھا اُس سارے کی ایک بار پھر تجدید ہو سکے ۔ یسوع ، خدا کا چیمپین ، نے یہ سب کچھ ہمارے لیے کیا جسے ہم اپنے طور پر نہیں کر سکتے تھے ۔ ہم وعدہ کیے ہوئے نجات دہندہ ، یسوع مسیح ، مسیحا ، خدا کے بیٹے کو دیکھیں گے جسے گناہ اور موت پر فاتح کے طور پر عیاں کیا گیا ہے ۔

اِس مطالعہ کے سب اسباق میں ہم اُن کہانیوں کو پڑھیں گے جو عیاں کرتی ہیں کہ یسوع کون ہے ۔ ہم اِن چار اناجیل کے درمیان آگے پیچھے جائیں گے تاکہ ہم اُ س کے ساتھ خدا کے بیٹے اور دُنیا کے نجات دہندہ کے طور پر آگاہی حاصل کرنے میں بڑھ سکیں ۔ کچھ کہانیاں صرف ایک یا دو انجیل کے مصنفین نے بتائی ہیں لیکن دیگر کو اِن چاروں میں بتایا گیا ہے ۔ یہاں مصنفین کے درمیان کچھ تصاد م کو آشکارہ کیا جائے گا لیکن رستے سے نہ ہٹیں ۔ یاد رکھیے کہ ہر مصنف کا ایک ٹارگٹ گروپ ہے جس تک پہنچنے کی وہ کوشش کر رہا ہے اور سب مصنفین عینی شاہدین نہیں تھے ۔

ایک مرتبہ پھر ، اِس مختصر مطالعہ میں یسوع کے بارے تمام قلمبند کی گئی کہانیوں کو شامل کرنا نا ممکن ہے ۔ کہانیاں جن کا انتخاب کیا گیا ہے آپ کے آغاز کے لیے ہونگیں ۔ یاد رکھیے کہ خداوند باپ آپ سے چاہتا ہے کہ آپ اُس عظیم محبت کو جانیں جسے وہ آپ کے لیے رکھتا ہے اور اُس تعلق کو جسے وہ آپ کے ساتھ بانٹنا چاہتا ہے ۔ آپ یسوع کو اپنے نجات دہندہ اوررہائی دینے والے کے طور پر جاننے سے لطف اندوز ہونگے!

 ©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

سبق نمبر ایک ۔ حصہ 1

تعارف:
کئی سینکڑوں برس گُزر چُکے تھے جب اسرائیل کے باقی ماندہ بابل سے واپس آئے تھے اور ایک مرتبہ پھر وعدہ کی سر زمین میں رہائش پذیر ہوئے تھے ۔ اِس عرصہ کے دوران ، ملاکی (پُرانے عہد نامے) اور یسوع کی پیدائش (نئے عہد نامے) کے درمیان وقت پر ، یہودی عبرانی اور رومی فاتحین اور حکمرانوں کے ظُلم کیے جانے والے بنے ۔ نئے عہد نامے کے آغا ز پر ہیرودیس روم کے ماتحت تھا اور فلطسین کا سنگدل حکمران تھا ، وہ ملک جسے خدا کی طرف سے اپنے لوگوں اسرائیلیوں کو دیا گیا تھا ۔

نئے عہد نامے کی پہلی چار کتابیں متی ، مرقس ، لوقا اور یوحنا کی طرف سے لکھی گئی چار اناجیل ہیں ۔ اُن آدمیوں میں سے ہر ایک نے مختلف نقطہ نظر سے اور ذہن میں مختلف سامعین کو رکھتے ہوئے لکھا ۔ مثال کے طور پر ، متی چاہتا تھا کہ اُس کے یہودی راہنما یہ جانیں کہ یسوع وعدہ کیا ہوا مسیحا تھا جس نے نبیوں کی جیسے کہ یسعیاہ اور یرمیاہ کی نبوتوں کو پورا کیا ۔ دوسری جانب لوقا، تھیفلس (لوقا 1 : 3) کو اور دوسرے رومیوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے لکھا جو مسح کیے ہوئے مسیحا کے بارے سیکھ رہے تھے جسے یسوع کہا گیا ۔

جیسا کہ ہماری بائبل کی سٹڈی جاری رہتی ہے ہم یسو ع پر اپنی توجہ مرکوز کریں گے ۔ ہم اُس کے ساتھ واقفیت کو حاصل کریں گے جب ہم بائبل میں پائی جانے والی چند کہانیوں کا قیاس کریں گے ۔ دونو لوقا اور یوحنا جُڑے ہوئے ہیں ، کیوں اُنھوں نے یسوع کی زندگی کی تفصیل کو لکھا ۔

الف۔ ہمیں لوقا 1 : 3۔ 4 میں کیا بتایا گیا ہے ؟

____

____

ب۔ یوحنا 20: 31 ہمیں کیا بتاتی ہے ؟

____

____

لوقا چاہتا تھا کہ تھیفلس اُن سچائیوں کے بارے یقینی طور پر جانیں جو اُس نے سکھائی تھیں ۔ یوحنا نے اِس لیے لکھا کہ وہ جو اِس کا مطالعہ کرتے ہیں جو اُس نے لکھا کہ وہ اِس کا یقین کریں کہ یسوع ہی مسیح ہے اور یقین رکھنے سے وہ ابدی زندگی کو رکھیں گے ۔ بہت سے لوگ اپنی زندگیوں کے لیے مقاصد رکھتے ہیں ۔ وہ اپنے دلوں اور ذہنوں کو اُن مقاصد پر اُنہیں پورا کرنے پر زور دیتے ہیں ۔ فلپیوں 3 : 10 میں مقدس لولس اِس مقصد کو بانٹتا ہے ۔ وہ کہتا ہے ، " میں مسیح کو جاننا چاہتا ہوں "۔ خدا کرے کہ یہ مقصد ہماری زندگیوں کے لیے بھی ہو کہ ہم بھی یسوع مسیح کو خداوند کے طور پر ، نجات دہندہ کے طور پر اور ا یک دوست کے طور پر جانیں ، اور اُسے جانتے ہوئے ہم اُس پر ایمان رکھیں اور اُس کے نام میں زندگی پائیں ۔

دعا:

©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

اے مہربان باپ ، میں اناجیل میں اِس تازہ سفر میں شریک ہونے جا رہا ہوں اُس خوشخبری کے لیے جو تُو نے پوری دُنیا کو سنائی ۔ یسوع خوشخبری ہے ۔ مجھے اِس قابل بناکہ میں اُسے جانوں جیسے میں سیکھے اور سمجھ کو حاصل کرنے کی تلاش کرتا ہوں کہ وہ کون ہے ، وہ کیوں زمین پر رہنے کے لیے آیا ، اور جیسے اُس کی زندگی مجھ پر اثر انداز ہوتی ہے ۔ میرے ذہن کو چُست و چوبند رکھ اور میرے دل کو سُننے کا مشتاق بنا ۔ کہانیو ں ، معجزات ، اور مثالوں کے لیے میرے دل کو کھول ۔ وہ تیرے الفاظ ہیں اور وہ ذرایع جو تُو میرے لیے اپنے آپ کو ظاہر کرنے کے لیے عیاں کرتا ہے جیسے میں تیرے بیٹے ، یسوع مسیح اپنے خداوند کو جاننے کے لیے آتا ہوں ۔

درس و تدریس :

متی کی کتاب یسوع کے نسب نامے کے ساتھ شروع ہوتی ہے ۔ سوال جس کا متی جواب دے رہا ہے وہ یہ کہ : یسوع کہاں سے آیا تھا ؟ اُس کی نسل کیا تھی ؟ جیسا کہ آپ 2 – 17 آیات پر نظر ڈالتے ہیں تو اُن میں سے کچھ ناموں سے آپ واقف ہونگے ۔ ایک لمحہ لیجیے اور اُن افراد کے ناموں کی نشاندہی کیجیے جس کی آپ پہچان رکھتے ہیں ۔
آیات 1-6 اے ہمیں ابراہام (پیدائش 12) سے دانی ایل (1 سیموئیل 16) تک لاتی ہیں
آیات 6 بی -11 میں اسرائیل کے بادشاہوں کی پُشتیں شامل ہیں (1 سلاطین اور 2 سلاطین)
آیات 12- 16 بابل کی اسیری سے لیکر یسوع کی پیدائش تک کے سالوں کو لاتی ہیں ۔

نوٹ: ۔ متی یہودی آباو اجداد میں دو دیو ہیکل ، ابراہام اور داود کی بات کرتا ہے ، یہ یسوع کے تمام آباو اجدا د کی فہرست نہیں دیتی ، کیونکہ یہودیوں کو لکھ رہا ہے ، یہ اہم ہے کہ یہ نسب نامہ اُن کے بزرگ ابراہام سے شروع ہوتا ہے ۔ ابراہام کی مانند ، داود بادشا ہ کا ذکر جو 6 آیت میں ہوا ہے یہ یہودی لوگوں کے ایک اور ذو معنی بزرگ کی طرف اشارہ ہے ۔ متی کی انجیل (9: 27، 20- 30) میں ، مثال کے طور پر ، داود کا چھوٹا بیٹے کی پہچان یسوع ، مسیحا کے طور پر ہوتی ہے ، اُس مسح کیے ہوئے کی مانند جس کا اسرائیل نے اُن کی پوری تاریخ میں انتظار کیا تھا ۔
لوقا بھی لوقا 3 : 23 - 38 میں یسوع کے نسب نامے کو قلمبند کر تی ہے ۔ اِس نسب نامے میں کیا فرق ہے ؟

لوقا کہاں سے شروع کرتا ہے ؟

کتنا پیچھے تک لوقا یسوع کے نسب نامے کی کھوج لگاتا ہے ؟

یسوع کو یوسف کا بیٹا خیال کیا جاتا تھا لیکن لوقا ہمیں بتاتا ہے کہ وہ آدم سے بھی پہلے تھا !

وہ________________ کا________________ (آیت 38)۔

©2013 CrossConnect ministries

سبق نمبر ایک ۔ حصہ 2

اسائنمنٹ:

لوقا 1 : 26- 38 میں مریم کی کہانی کو پڑھیے ۔

1- آیات 26 اور 27 میں کونسی حقیقتیں ہیں ؟

___

2- فرشتہ کے سلام اور پیغام کے لیے مریم کا ردِ عمل کیا تھا ؟

___

3- فرشتہ کی ملاقا ت میں مریم کا جوا ب کیا تھا ؟

___

مشق:

1- آیات 26- 27: مریم کی رشتہ دار الیضبات چھ ماہ سے حاملہ تھی جب خدا فرشتہ ___

الف- جبرائیل کو بھیجا گیا ___ اُس قصبہ میں ___

خاص طور پر ___ اُس قوم کے لیے ___

ب- آدمی کا نام ___ نسل ___

ج- اُس کا نام ___

2- جبرائیل مریم کو بتاتا ہے کہ اُس نے خدا کی نظر میں عز ت پائی ہے (30 آیے)- کیونکہ اُس نے خدا کی نظر میں عزت پائی ہے ، اُس کے ساتھ کیا رونما ہو گا (31 آیت)؟

___

___

3- اُس کے بیٹے کے ساتھ کیا ہوگا (32 - 33 آیات)

___

4- مریم نے کیسے جواب دتا ؟

الف- فرشتہ کے سلام کے لیے (29 آیت)؟

___

ب- اُس خبر کے لیے کہ وہ یسوع نامی بیٹے کو جنم دے گی (34 آیت)؟

___

___

ج- الفاظ کے لیے " خدا کے ساتھ کچھ بھی نا ممکن نہیں (38 آیت)؟

©2013 CrossConnect ministries

5- یسوع کو کیا نام دیے جائیں گے ؟

الف- 32 آیت : ______

ب- 35 آیت: ______

6- مریم کی کہانی کیسے اختتام پذیر ہوتی ہے (38 آیت)؟

اسائنمنٹ:

متی 1 : 18 -25 میں یوسف کی کہانی کو پڑھیے -

1- آیات 18- 19 میں کونسی حقیقتیں ہیں ؟

2-آیات 20- 21 میں کس خواب کو آشکاہ کیا گیا تھا ؟

3- آیات 22- 23 کے مطابق کس نبوت کو پورا ہونا تھا ؟

4- آیات 24- 25 میں اُس خواب کے لیے یوسف کا کیا جواب تھا ؟

5- مریم اور یوسف کی کہانیوں میں کونسی چیزیں ایک جیسی ہیں ؟

مشق:

1- ناموں اور اُن کے معنی کی فہرست بنایے جو یسوع کا حوالہ دیتے ہیں :

الف- آیت 16، 18 : ______ معنی : ______

ب- آیت 21: ______ معنی : ______

ج- آیت 23 : ______ معنی : ______

نوٹ: - دونوں عبرانی اور یونانی زبانیں اِن معنی میں بصیرت دیتی ہیں - یسوع کا مطلب نجات دہندہ ہے - یسوع یونانی زبان کا لفظ ہے جو عبرانی لفظ یشوع سے ہے جس کا مطلب خداوند بچاتا ہے - مسیح یونانی لفظ ہے جو عبرانی میں لفظ مسیحا ، مسح شُدہ ہے - اعمانوئیل ، کے حروف بھی ایمانوئیل ہیں ، جو عبرانی لفظ ہے جس کا مطلب خدا ہمارے ساتھ ہے -

©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

2- یوسف کی منکوحہ حاملہ ہے -- انسانی نقطہ نظر سے درست چیز کرنا چاہتے ہوئے ، یوسف نے کیا کرنے کا منصوبہ بنایا (19 آیت)؟

____

____

3- بچہ جو اُس کے بطن میں تھا وہ نہیں__________________ بلکہ

__________________جس نے اُس میں کام کیا اور اُس نے جنم

__________________دیا (21 - 22 آیات)

4-یوسف نیند سے جاگا - اُس نے فرمانبرداری کے ساتھ جواب دتا - کیسی دلچسپ حقیقت ہے جو 25 آیت میں دی گئی تھی ؟

____

غور و خوص:

کیسا طریقہ ہے جس سے کہانی شروع ہوتی ہے ! خدا ایک بچے کے طور پر ، خدا بیٹے ، ابنِ بشر کے طور پر زمین پر آنے والا تھا - سینکڑوں سالوں سے خدا کے لوگ وعدہ کیے ہوئے مسیحا کا انتظار کر رہے تھے - اسیری اور غلامی کے سا ل اُمید کی چمکنے والی روشنی کے ساتھ ختم ہو چُکے تھے ، اُمید جو یہ تھی کہ کسی دن نجات دہندہ آیئے گا اور اُن کا چھڑانے والا بنے گا - اور ، اب خدا اِس نوجوان لڑکی کے پاس اُمیدکے پیغام کے ساتھ بھیجتا ہے - مسیحا کو روح القدس کی قدرت سے مریم کے بطن میں پڑنا تھا نہ کہ کسے آدمی سے ، اور یوسف اپی بیویں کو اپنے ہاں لے آنے سے نہیں ڈرتا تھا -

کوئی مدد نہیں کر سکتا بلکہ حیران ہوتا ہے کہ مریم کے لیے یہ کیسا ہو گا اور فرشتے کا اُس سے ملنا اور پیغام پہنچانا ، یا مزید معاملہ ، یوسف کے لیے ، راستباز بننا اور ہر چیز کو بہتر انداز میں کرنے کی چاہ رکھنا - اب مریم خدا کی مرضی کی اطاعت کرتی ہے اور یوسف خدا کے حکم کا فرمانبردار ہے - وہ اپنی بیوی کے طور پر مریم کو گھر لے آتا ہے اور اُس کے ساتھ کسی قسم کا جنسی تعلق نہیں رکھتا جب تک اُس نے بچے یسوع کو جنم نہیں دے دیا تھا -

 ©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

سبق نمبر ایک ۔ حصہ 3

تعارف:
جیسا کہ ہم خدائی شخص یسوع کی اِس سٹڈی کو جار ی رکھ رہے ہیں اِس کے لیے ہمیں یوحنا کی کتاب پر غور کرنے کی ضرورت ہے ۔ پہلے باب میں مقدس یوحنا بھی ہمیں یسوع کے بارے ، اُس کی ابتدا کے بارے بتانا چاہتا ہے ۔ وہ کون تھا ؟ وہ کہاں سے آیا تھا ؟ وہ کیوں آیا تھا ؟ اُسے کیا پسند تھا ؟ یوحنا دونوں یہودیوں (اسرائیلیوں) اور غیر قوموں (غیر اسرائیلی لوگوں) کے لیے لکھ رہا ہے ۔ یاد رکھیے کہ یوحنا ایک مبشر ہونے کے طور پر سب لوگوں سے چاہتا تھا کہ وہ ایمان رکھیں اور اُس کے نام پر زندگی پائیں (یوحنا 20: 30- 31)

اسائنمنٹ:
یوحنا 1 : 1- 5 ، 9 -14 ، 16- 18 کو پڑھیے ۔ ہم مریم اور یوسف کی کہانی کو پڑھتے ہیں ۔ یہ یسوع کے بارے یوحنا کی کہانی ہے جسے وہ کلام کے طور پر پیش کرتا ہے ۔ یوحنا ہم سے کیا چاہتا ہے کہ ہم یسوع کے بارے سیکھیں ؟ یہ باب دونوں پڑھنے اور سمجھنے کے لیے چیلنگ ہے ۔ جب آپ اِس کا مطالعہ کرتے ہیں تو اپنے آپ کو صابر بنایے ۔ الفاظ ، جملوں اور تصویری الفاظ کو پین یا مارکر کے ساتھ انڈر لائن کرتے ہوئے آہستہ آہستہ پڑھیے جو آپ کو منصوبہ بندی یا بصیرت دیں گے ۔ یسوع کون ہے ؟

مشق:
1- آیات 1 - 5
الف۔ ہمیں 1 آیت میں یسوع کے بارے کونسی تین سچائیاں بتائی گئی ہیں ۔

____

____

____

ب۔ یسوع کا تخلیق کے ساتھ کیا تعلق تھا (3 آیت)؟

____

____

ج۔ اُس میں ______________________________ (4 آیت)

د۔ اُس کی زندگی ______________________________ ساری انسانیت کے لیے (4 آیت)

ح۔ نور ____________________ میں

____________________لیکن

____________________ نہیں (5 آیت)

2- آیات 9 -14

 ©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

الف۔ سچائی ______________ دیتی
ہے______________ ہر ایک شخص کو جو آتا ہے
______________(9 آیت)۔ یسوع دُنیا کے نور کے طور پر آیا ۔
ب۔ یسوع دُنیا میں تھا کہ اُسے ______________ اب
______________نہیں ،
______________اُسے (10
آیت)
ج۔ یسوع اُن کے پاس آیا جو اُس کے اپنے تھے (اسرائیلی) ، لیکن اُس کے اپنوں
نے______________ (11 آیت)
د۔ جو اُن سب کو دیا گیا تھا جنہوں نے اُسے قبول کیا اور اُس کے نام پر یقین کیا (12 آیت)؟

____

چ۔ ہم اُس کے فرزند بنتے ہیں ______________ جو پیدا
(13 آیت)؟
ح۔ یسوع ، کلا م ، بنا ______________اور______________
ہمارے درمیان رہا ۔ ہم (جو اُسے حاصل کرتے ہیں ۔ 12 آیت) اُسے دیکھ چُکے ہیں ______________ اُس
ایک کا جلال اور وہ جو آیا______________پوری طرح
اور______________ (14 آیت)
3۔ آیات 16۔ 18
الف۔ شروع سے ______________اُس کا______________ ہ سب
______________ ایک
______________ ایک دوسرے کے بعد (
16آیت)
ب______________حوالہ کیا گیا______________
اور______________ آیا ۔
______________(17 آیت)۔
ج۔ کسی نے نہیں دیکھا ______________کون ہم پر باپ کو آشکارہ کرتا ہے ؟ کون چاہتا ہے کہ ہم
اُسے جانیں ؟ آئیں سب سے پہلے دیکھتے ہیں جو خد ا باپ کو پسند ہے (18 آیت)؟

____

نوٹ: اِس آیت کے ساتھ ہم تثلیث ، خدا باپ ، خدا بیٹا ، اور خدا روح القدس کی جھلک کو پاتے ہوئے شروع کرتے ہیں ۔ یہ سب ایک خدا ہیں ، ایک اور واحد ، پُر فضل اور برحق!

یاد دہانی:

اِس سے قطع نظر کہ کیسے آپ اِس مطالعی میں اِس نقطہ کو محسوس کرتے ہیں ، یوحنا 1 : 14 بہت معنی خیز آیت ہے اور یہ یوحنا کی کتاب کے موضوع کو جاری رکھتی ہے ۔ " کلمہ (یوحنا کے یسوع کے لیے تعارفی لفظ) مجسم ہوا اور ہمارے درمیان رہا --- جو باپ سے آیا تھا ، فضل اور سچائی سے معمور۔" پُرانے عہد نامے کی بہت سے کہانیوں میں ہم نے خدا کے اپنے لوگوں کے درمیان سکونت پذیر ہونے کے بارے بات کی ۔ آگ اور بادل کا ستون جس نے 4 سالوں کے درمیان اسرائیلیوں کے ساتھ سفر کیا جب وہ بیابان میں تھے جس نے اُنہیں یاد دلایا کہ خدا اُن کے ساتھ تھا ۔ خدا کی ہیکل کو موسیٰ نے تعمیر کرایا جس کی خدمت لوگوں کے طور پر کی گئی کہ خدا کو اُن کے ساتھ ہونا تھا اور اُن میں رہنا تھا ۔ ا ب ہم خدا کے اُس خدائی بشر یسو ع مسیح، عمانوئیل ، خدا ہمارے ساتھ ہے ، میں سکونت اختیار کرنے کو رکھتے ہیں ۔

©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

جو ہمیں اُ س کے ہمارے درمیا ن سکونت اختیار کرنے کے ساتھ تیز بناتا ہے وہ یہ کہ وہ ہمارے لیے فضل اور سچائی کے ساتھ آتا ہے ۔ ہم اپنے آپ میں خدا کی غیر مشروط محبت کا تجربہ کرتے ہیں ۔ ہم اُس کے فضل کا تجربہ کرتے ہیں ۔ ہم یسوع میں بھی کو پاتے ہیں ۔ وہ راہ ، حق اور زندگی ہے (یوحنا 14 : 6) ۔ وہ سچائی کی بات کرتا ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ وہ ہیشہ ہمارے ساتھ ہے (متی 1 : 23، 28 : 20) ، اور وہ ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ کھوئے ہوؤں کو ڈھونڈنے اور بچانے آیا ہے (لوقا 19: 10)۔ و ہ کہتا ہے کہ ہم ہر اُس چیز سے آزاد ہوتے ہیں جو ہمیں اپاہج زندگی بسر کرنے کا سبب بنتی ہے (لوقا 13 : 12) وہ کہتا ہے کہ یسو ع ، دُنیا کے نجات دہندہ پر ایمان رکھنے سے ہمیں ابدی زندگی ملتی ہے (یوحنا 3 : 16 - 17)۔ اُس کا کلام سچائی ہے جو ہمیں آزاد کرتا ہے (یوحنا 8 : 32)۔ خدا کی سچائی اُس کا فضل ، ہمارے لیے اُس کی محبت کے تحفے کو عیاں کرتی ہے ۔

انڈکس کارڈ پر 14 آیت کو لکھیں اور اُس میں اضافی نوٹس کا اضافہ کریں جب آپ خوشخبری کی کتابوں ، اناجیل کا مطالعہ کرنا جاری رکھتے ہیں ۔ اپنی اِس آگاہی میں بڑھیں کہ کیسے خدا کی عظیم محبت یسوع کے ویلا ، اُس ایک کے وسیلہ کو فضل اور سچائی سے معمور ہے کے وسیلہ آتی ہے ۔

نظر ثانی :

یسوع باپ کے اکلوتے بیٹے کے طور پر آیا ۔ اُس کے نام ہمیں بتا چُکے ہیں کہ وہ کون ہے اور اُس کا یہاں اِس زمین پر کیا مشن تھا ۔ نظر ثانی کے طور پر اِن چند ناموں کو یاد کیجیے اور یہ کہ وہ ہمیں اُس کے بارے کیا بتاتے ہیں ۔

نام	**مطلب اور مشن**
یسوع	
مسیح	
عمانوئیل / امانوئیل	
قادرِ مطلق کا بیٹا	
خدا کا بیٹا	

مندرجہ بالا ناموں میں اضافہ کرتے ہوئے ، یوحنا ، انجیل نویس ، یسوع کی کلام (کلمہ) کے طور پر بات کرتا ہے جو کہ خدا کا تھا ، جسے پیدا نہیں کیا گیا تھا بلکہ اُس نے سب کو پیدا کیا تھا (یوحنا 1 : 1 - 3) ۔

©2013 CrossConnect ministries

سبق نمبر ایک ۔ حصہ 4

تعارف: ہم ابھی بائبل کی بہت جانی پہچانی سٹڈی کا مطالعہ کرنے کے لیے تیار ہیں ۔ پوری دُنیا میں مسیحی ایمانداروں کے لیے کہ کرسمس کی کہانی ہے ، کہانی جو ایک باپ اپنے پہلوٹھے بیٹے ، یسوع کی پیدائش کے بارے بتاتا ہے ۔

اسائنمنٹ:

پڑھیے لوقا 2: 1- 7 ۔ جب آپ مطالعہ کرتے ہیں ، تو اُن مختلف چیزوں پر غور کیجیے جو با پ ہمیں بتانا چاہتا ہے :

اُس کے بیٹے کی پیدائش کے وقت حالات و واقعیات

سماوی جشن ، اور

خوشخبری کے لیے جواب

مشق:

1۔ اسرائیل کی سرزمین رومی حکومت کے ماتحت تھی ۔ حکمران بادشاہ کون تھا (1 آیت)؟

____

2۔ قیصر کا فرمان کیا تھا (1 آیت)؟

____

3۔ یسوع کی پیدائش مصنف مقدس لوقا کی انجیل کے مطابق ہوئی ۔ دوسرا حوالہ کونسا ہے جو جس کی اُس نے 2 آیت کے مطابق واقع کی تاریخ دی ؟

____

دونوں قیصر اگستس (رومی شہنشاہ) اور کورینس (سوریہ) نے اُس سال مردم شماری کا حکم دیا تھا ۔ مردم شماری کا استعمال محض ٹیکس حاصل کرنے کے مقاصد کے لیے تھاکیونکہ اسرائیلی رومیوں کے تحت عسکری خدمت کا نمونہ تھے ۔

1۔ کہاں ہر کسی کو نام در ج کراونے تھے (3 آیت)؟

____

2۔ یوسف کے لیے اِس فرمان کا کیا مطلب تھا (4 آیت)۔ نقشے پر اُس کے سفر کا تعاقب کیجیے ۔

الف۔ وہ کہاں رہ رہا تھا ؟ کس قصبہ میں

؟______________________________________

ب۔ وہ فلسطین کے کس علاقے میں رہ رہا تھا

؟______________________________________

ج۔ اُسے کہاں خبر کرنے کی ضرورت تھی

؟______________________________________

د۔ اُسے اِس خاص قصبے کے لیے کیوں سفر کرنے کی ضرورت پیش آئی

؟______________________________

3۔ مریم کے لیے اِس فرمان کا کیا مطلب تھا (5 آیت)؟

____

____

©2013 CrossConnect ministries

نوٹ: ناصرف اور بیت الحم کے مابین سفر کے لیے تین دن لگتے تھے ۔ بار ہ سالہ اور اِس سے زائد عمر کی عورتوں کے لیے نام درج کروانا ضروری تھا اور رائے دہی کا ٹیکس ادا کرنا تھا ۔
1۔ اور ، کیا رونما ہوا جب یوسف او ر مریم بیت الحم میں تھے (6 آیت)؟

____

____

7 آیت: "اور اُس نے دیا________________ اُس کو

________________ وہ ________________

اور________________ کیونکہ

وہاں________________________________

"۔

غور و خوص :

تھوڑا وقت لیجیے اور قیاس کیجیے کہ ایسے بے موقع فرمان کا مریم اور یوسف کے لیے کیا معنی تھا۔

____

____

بغیر کسی شک کے ، ناصر ت میں یہ خاندان مریم کے وضع حمل کی پیش بینی کر رہا تھا ۔ مریم ، بچے کے ساتھ ، بے آرام تھی اور حیران تھی کہ اگر اِس سفر کو اِس خاص وقت پر بہت ضروری ہونا تھا ۔ یہ بھی ممکن تھا کہ اُسے بچے کی پیدائش تک انتظار کرنا تھا ۔ دوسری جانب یوسف، اُس نے ہر چیز کی بہت محتاط طور پر منصوبہ بندی کر لی تھی ۔ اُس نے شاید دو مرتبہ اِس کی گھر میں مشق کر لی تھی ۔ آ پ کے ذہن میں کیا ہو گا کیا آپ نے کبھی اُن کے ساتھ سفر کیا تھا ؟

____

____

____

خدا خاص مقصد کے ساتھ کام کرتا ہے ۔ میکاہ 5 : 2 میں میکاہ نبی کی نبوت کا قیاس کیجیے ۔ اِس آیت کو تحریر کیجیے :

____

____

____

اسرائیل پر یہ حکمران کہاں تھا جس کے دن پیدائش کے لیے ابدیت سے ہیں ؟ اِس نبوت کو پورا کرنے کے لیے کیا کیا جانا تھا ؟

____

____

اُس کےراست مقاصد کو انجام دینے کے لیے کیسے خدا نے اِن بے یقین حکمرانوں کو استعمال کیا ؟

 ©2013 CrossConnect ministries

____

____

لوقا 2 : 7 ہمیں اُن حالات کے بارے کیا بتاتی ہے جن میں یسوع پیدا ہوا تھا ؟

____

____

یاد دہانی:

یسوع خدا کی فطرت کےسا تھ آیا اب ہم سیکھتے ہیں کہ وہ سب دینے کا خواہاں تھا کہ ہم اِس سب کچھ کو رکھتے ۔ وہ خالی ہاتھ اِس دُنیا میں آیا، غربت میں پیدا ہوا ، اصطبل میں پیدا ہوا کیونکہ بیت الحم میں کوئی کمرہ دستیاب نہیں تھا ۔ مقدس پولس ہمیں 2 کرنتھیوں 8 : 9 میں یسوع کی فیاض محبت کے بارے بتاتے ہیں کہ اگرچہ وہ امیر تھا تاہم اُس نے غریبی کو قبول کیا تاکہ ہم ہر چیز کو رکھ سکیں اور امیر بن سکیں ۔

اِس آیت کو انڈکس کارڈ پر لکھیے اور اِسے اپنی یاد دہانی کی لائبریری کا حصہ بنایے ۔ اپنے ایام میں امیرانہ لمحات کی تلاش کیجیے ، وہ لمحات جو آپ کے لیے خدا کی عظیم محبت کے ہیں او ر وقت لیجیے تا کہ آپ شکریہ ادا کریں اور پھر پوچھیں کہ جیسے وہ غربت میں خدمت کرنے کے لیے آیا اُسی طرح آپ بھی خدمت کریں تاکہ دوسرے امیر بنیں اور یسوع مسیح کے پاس اپنے خداوند اور نجات دہندہ کے طور پر بھی آئیں ۔

 ©2013 CrossConnect ministries

سبق نمبر ایک ۔ حصہ 5

تعارف: کرسمس کی کہانی جاری رہتی ہے ۔ اِس میں اعلان اور جشن شامل ہے ! جب آپ اِن اگلی آیات کو پڑھتے ہیں تو اُس خوشی کا تصور کرنے کی کوشش کیجیے جو اُس وقت جاری تھا ۔ یسوع ، مسح شُدہ ، مسیحا پیدا ہوتا ہے ۔ اگر آپ اپنے بچے کی پیدائش کا اعلان کر رہے ہوتے تو آپ کیسے جشن مناتے ؟ اگر سار ی دُنیا کو جاننے کی ضرورت پڑتی ، تو آپ کسے بتاتے ؟ آپ کیسے اِس کا اعلان کرتے ؟ فیس بُک پر ؟ ٹویٹر پر ؟کیا آ پ ویڈیو بنانے اور اِسے یو ٹیوب پر لگاتے ہوئے پیدا کا اعلان کرتے ؟ آئیں غور کرتے ہیں کہ خدا باپ نے کیا کرنے کا انتخاب کیا ۔

اسائنمنٹ: پڑھیے لوقا 2 : 10 - 20

کس نے اعلان کیا ؟

کسے پہلے بتایا گیا ؟

اِس خبر کے لیے کیا جواب تھا ؟

مشق:

1۔ آیت 8 ہمیں کیا بتاتی ہے ؟ یہاں رہتے تھے____________________ رکھتے ہوئے ________________ اُن پر ____________ را ت کے وقت ۔ نوٹ : اگرچہ آیت ایسا نہیں کہتی ، تو اِس کا امکان یہ وجود رکھتا ہے کہ چرواہے غلہ بانی کر رہے تھےجنہیں ہیکل کی قُربانیوں کے لیے رکھا جاتا تھا ۔ یہ بھیڑیں بے داغ تھیں ، کامل تھیں ۔ یہ اِسے خیال کرنا بہت دلچسپ بناتا ہے کہ کیوں باپ نے چرواہوں کے لیے اپنے بیٹے کی پیدائش کا اعلان کرنے کا انتخاب کیا ۔

2۔ چرواہوں پر کون ظاہر ہوا (9 آیت)؟

____

3۔ فرشتہ کن کے ساتھ رہا (9 آیت)؟

____

4۔ چرواہوں کا کیا ردِ عمل تھا ؟

____

©2013 CrossConnect ministries

5- وہ پہلی چیز کیا تھی جو فرشتے نے کہی (10 آیت)؟

6 - اُنہیں کیوں ڈرنے کی ضرورت نہیں تھی ؟

7- پیغام خوشخبری تھا - یہ بڑی خوشی کا پیغام تھا جو ہر ایک کے لیے تھا - اور ، پیغام کیا تھا (11 آیت)؟

8- نئے پیدا ہونے والے بچنے کے والدین سے پوچھے جانے والے پہلے سوالوں میں سے ایک بچے کانام ہے - اُن ناموں پر غور کیجیے جو 11 آیت میں دیے گئے ہیں :

یاد کیجیے جو اِن ناموں کا مطلب ہے - دیکھیے متی 1 : 21 اور حصہ نمبر 2 میں مشق پر نظر ثانی کیجیے -
9- وہ نشان کیا تھا جو فرشتے نے چرواہوں کو دیا تاکہ وہ جانیں کہ اُنہوں نے بچے کو پا لیا ہے (12 آیت)؟

10- مزید کیا واقع ہوا (13 آیت)؟
اچانک ______
ظاہر ہوا
تعریف کرتے
ہوئے ______ اور

11- پیدا ئش کا اعلان جواب کے لیے کیا گیا تھا - فرشتوں کے آسمان پر چلے جانے کے بعد چرواہوں کے درمیان کی گئی بحث کا تصور کیجیے ! اُنہوں نے کیا کرنے کا فیصلہ کیا (15 آیت)؟

12- جشن شروع ہو چُکا ہے - فرشتوں نے گایا اور ا ب چرواہے اِس چیز کو دیکھنے کے لیے جلدی کرتے ہیں جو رونما ہوئی تھی جس کے بارے خداوند نے اُنہیں بتایا تھا - اُنہوں نے کس کی تلاش کی (16 آیت)؟

کیا آپ اپنے دل میں مکمل احترام کے ساتھ اُس چرنی تک پہنچنے کو پاتے ہیں ؟ آپ باپ کے بچے ، اپنے نجات دہندہ اور بادشاہ کو دیکھ رہے ہیں ؟ کیا آپ خدا کے چوگرد گھومنے والی خوشی کو فخر کو رکھ رہے ہیں ؟ کیا آپ اُسے ایسا کہتے ہوئے سُنتے ہیں ، " دیکھو ، یہ بالکل ویسے ہی ہے جیسا میں نے تمہیں بتایا تھا - بچہ ، میرا پہلوٹا بیٹا ، کپڑے میں لپیٹا اور چرنی میں پڑا ہوا ہے - "

درس و تدریس :

اب آپ کے ذہن میں آنے والی بہت سی چیزیں ہونگیں ۔ اِس بچے کی وجہ سے دُنیا کو کبھی ایک جیسا نہیں رہنا تھا جسے پروان چڑھنا اور آدمی بننا تھا ۔ پہلے کبھی ایسا اعلان نہیں ہوا تھا ۔ نا صرف آسمانی لشکر کا ہجوم خدا کی تمجید کرتے ہوئے ظاہر ہوا بلکہ خدا کا جلال اُن کے چوگرد چمکا۔

خداوند کا جلال کیا تھا ؟ یہ خدا کا جلال تھا جو اُس کی قابلِ دید حضوری کو اپنے لوگوں کے درمیان آشکارہ کررہا تھا ۔ اسرائیلیوں نے اُس کے جلال کو بادل اور آگ کے ستونوں کی شکل میں دیکھا جو وعدہ کی سر زمین میں داخل ہونے سے پہلے اسرائیلیوں کے ساتھ اُن کے بیابان میں چالیس سال اِدھر اُدھر پھرنے کےد وران ساتھ چلتے تھے ۔ موسیٰ نیں خداوند کے جلال کو دیکھا جب خروج 33 میں بادل خیمہ گاہ پر اُترے ۔ خدا نے موسیٰ کو یہ وعدہ کرتے ہوئے اپنا فضل دیا کہ اُس کی حضوری اُس کے ساتھ جائے گی ۔ خداوند کا جلال جسے چرواہوں پر ظاہر ہونا تھا اُنہیں بتا رہا تھا کہ خدا کی حضوری اُس بچے میں تھی ، جو یہ بیت الحم کا بچہ مسیح ہے ۔ خوشخبری کی یہ بڑی شادمانی خدا کا فضل تھا جو اُس کے بیٹے میں تھا جسے ہمارے درمیان رہنا تھا ۔ وہ فضل اور سچائی سے معمور تھا (یوحنا 1 : 14) ۔ بڑی خوشی کی یہ خبر کہ خدا باپ اپنے بیٹے کو بھیج رہا ہے اُس ایک کامل ، پاک ، بے داغ خدا کے برے کے طور پر جو سلامتی لے کر آیا جسے اُس ساری سمجھ ، سلامتی کو لانا تھا جسے ہمیشہ ہمارے ساتھ رہنا تھا (یحنا 20 : 19) ۔

غور و خوص :

اِس کرسمس کی کہانی کو چھوڑنے سے پہلے ہمیں اُن کے ردِ عمل کا قیاس کرنے کے لیے وقت لینا جو اِس جشن میں شامل تھے ، فرشتے ، چرواہے ، اور وہ جنہوں نے بچے ، اور مریم کے بارے سُنا ۔

میں مدد نہیں کر سکتا لیکن اپنے چہرے پر مسکراہٹ رکھ سکتا ہوں جب میں فرشتوں کا خیال کرتا ہوں ۔ آسمان پر ہونے والی خوشی کا تصور کیجیے جب اُنہوں نے سوال پوچھا ، "کیا یہ وقت ابھی ہے ؟ کیا ہم چرواہوں کو بتانے کے لیے جا سکتے ہیں ؟" ہزارو ں فرشتے آسمان پرشادمان تھے ! کیسا نظارہ ہے ! بہت زیادہ جوش! بہت خوشی ! وہ بہت عرصہ سے اِس خبر کو بانٹنے کا انتظار کر رہے تھے کہ نجات دہندہ آ چُکا ہے ۔ یہ تقریباً ایسے ہے کہ لوگ کیسا محسوس کرتے ہیں جب وہ کامل کرسمس تحفہ رکھتے ہیں جسے دیا جانے کا انتظار ہو رہا ہو بلکہ یہ محض کرسمس ٹری کے نیچے بیٹھنے کی مانند ہے کیونکہ درست لمحہ نہیں آیا !

اور ، اُن چرواہوں کے بارے میں کیا ہے ؟ خداوند ، نے مجھے چرواہوں کی مانند بنایا ہے جنہوں نے خوشی سے ہر چیزکو چھوڑا اور خدا کے دعوت نامے کو قبول کیا کہ وہ اُس چرنی کی طرف جائیں اور تمام بنی نوع انسان کے لیے اُس کے فضل کے تحفے کو دیکھیں ۔ بعض اوقات یہ ایسے دکھائی دیتا ہے جیسے کہ بچہ کھو چُکا ہے اور ہمیں اُسے دریافت کرنے کے لیے واپس بیت الحم جانے کی ضرورت ہے اور اُسے تازہ دم اور نئے سرے سے تلاش کرنے کی ضرورت ہے ۔ لیکن چرواہوں نے ایسے ہی نہیں گئے اور اپنے لیے چیزوں کی جانچ کی اور پھر دوبارہ کھیتوں میں واپس آ گئے اور اپنی بھیڑیں چرائیں ۔ خداوند نے مجھے چرواہوں کی مانند بنایا جنہوں نے کلام کو پھیلایا اُس بارے جو اُنہیں اِس بچے کے بارے بتایا گیا تھا (17 آیت)۔خدا کی خوشخبری محض میرے لئے نہیں ہے ، یہ سب لوگوں کے لیے ہے (14 آیت)۔ ہمیں 20 آیت میں بتایا گیا ہے کہ چرواہے واپس لوٹے

________________اور________________

اُن سب چیزوں کے لیے جن کو اُنہوں نے سُنا اور دیکھا ۔ میری زندگی میں اِس بچے سے کیا فرق پڑے گا ؟ کیا میں اِس چرنی کو دیکھنے کے بعد واپسی پر خدا کی تمجید اور جلال دیتے ہوئے لوٹوں گا اُس سب کے لیے جسے میں نے دیکھا اور سُنا ؟

لوگ جن کو چرواہوں نے بتایا اُنہیں جواب دینا تھا ۔ ہمیں 18 آیت میں بتایا گیا ہے کہ وہ سب جنہوں نے سُنا جو چرواہوں نے اُن کو بتایا تھا وہ

©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

بعض اوقات ہم اِس حیرانی میں بند ہو جاتے ہیں اور تقریباً " یہ اچھا ہے " جیسے رویے کے ساتھ رہتے ہیں ۔ ہم ایمان رکھنے یا نہ رکھنے کے پابند نہیں ہوتے ۔ ہم سادہ طرح " یہ اچھا ہے" کے جواب کے ساتھ کہانی کا جواب دیتے ہیں --- ہم اگلے سال کہانی کو سُننے اور خوشی کے گیت سُننے کے لیے واپس آئیں گے "

آخر کار ، ہم 19 آیت میں اِن الفاظ کو پڑھتے ہیں :

مریم ________________ اِن سب

پر ________________

اور ________________ اُ س میں

____

یہ الفاظ ہمیں حیران رکھتے ہیں جو وہ جانتی ہے اور ہم نہیں جانتے ۔ اُس کے پاس نہ تو نبی تھے یا کوئی مدد کے لیے کوئی سکریپ بُک نہیں تھی جس سے اُس کے پاس معلومات ہوتی جو اِن آکری مہینوں اور دنوں کے لیے تھی ۔ اُس کی زندگی کے آخری نو مہینے تعجب اور ہیجان کی سر گرمی والے تھے ۔ اب اُس کا بیٹا پیدا ہوا ۔ بچہ ایک حقیقت تھا ۔ بچے کو حفاظت ، محبت اور نشوونما کی ضرورت تھی جیسے کسی دوسرے انسان کو ہوتی ہے اب یہ محض انسان کا بیٹا ہی نہیں تھا بلکہ خدا کا بیٹا بھی تھا ۔ لیکن کیا اِس کا یہ مطلب تھا کہ اسے اپنے لوگوں کو اُن کے گناہوں سے بچانا تھا؟ اُس کے لیے اُس کا فرمانبردار تقاضا کیا ہونا تھا ؟ اُس کا؟

استدائیہ سوالات :

1۔ باپ نے کامل تحفہ ، اپنے بیٹے کا تحفہ دیا ۔ اُس نے ہم میں سے ہر ایک کے لیے اپنا بیٹا دیا جسے وہ خدا کے روح القدس کے عمل سے ہماری زندگیوں کے لیے حاصل کرے یا ہماری اپنی پسند سے اِسے رد کرے ۔ اِ س سے کیسا محسوس ہو گا جب آپ اپنے "کامل" تحفے کو حاصل کرتے ہیں ؟

____

____

2۔ آپ کا تحفہ سستا نہیں تھا بلکہ اِس کا تقاضا تھا کہ آپ اِسے خریدنے کے لیے ہر چیز کو بیچتے ۔ باپ کا تحفہ یہ تقاضا کرتا تھا کہ وہ اپنے بیٹے کو دے اگرچہ اِس کا مطلب اُس کے لیے موت تھی ۔ آپ اُس کے تحفے کی کیا لاگت لگائیں گے ؟ اُس نے آپ پر کیا قیمت لگائی ، اُس ایک کے لیے جسے اُسے تحفہ دیا ؟

____

____

____

3۔ خدا کی خوشخبری کو حاصل کرنے کے طور پر ہم حیرانی کے ساتھ ششدر رہ سکتے ہیں ۔ یوحنا 3 : 16 اور 17 کو لکھیے :

____

____

 ©2013 CrossConnect ministries

یا ، ہم چرواہوں کی مانند ہو سکتے اور ہر ایک کو بتا سکتے ہیں جو ہم نے دیکھا اور سُنا ۔ مرقس 16 : 15 -16 کو لکھیے ۔

©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

سبق نمبر دو ۔ حصہ 1

تعارف: روایت لوگوں کو یہ یقین رکھنے کی طرف راہنمائی کرتی ہے کہ مجوسی ، یا دانا آدمی جو مشرق سے بیت الحم سے یسوع کو رات کے وقت اُس کی پیداش پر دیکھنے کے لیے آئے تھے ۔ بہر حال ، اِسی طرح ، یہ ماہرِ فلکیات فلسطین کے مشرقی خلیج فارس کے علاقہ سے آئے تھے اور اُن کے اِس سفر کے لیے بہت سے مہینے درکار تھے ۔ اِس پر غور کیا جا سکتا تھا کہ بہت سے مفکرین یہ یقین رکھتے تھے کہ وہ یسوع کی پیدائش کے کئی مہینوں بعد وہاں پہنچے ۔ لوقا کی تفصیل ہمیں یسوع کی پیدائش کے پہلے ہفتے رونما ہونے والے واقعیات کی تفصیل دیتی ہے ۔ ہم مجوسیوں کے آنے کے لیے متی کی تفصیل پر غور کرنا شروع کریں گے ۔

اسائنمنٹ:

پڑھیے متی 2: 1- 12

کس نے مجوسیوں کی راہنمائی کی اور اُنہیں یروشلیم لایا؟

اُنہیں یروشلیم کیوں آنا تھا ؟

ہم ہیرودیس بادشاہ کے بار ے کیا سیکھتے ہیں ؟

مشق:

1۔ ہمیں 1 آیت میں کیا بتایا گیا ہے؟

الف۔ یہ کہانی کب رونما ہوتی ہے

؟____

ب۔ بادشاہ کون تھا

؟____

ج۔ مشرق سے یروشلیم کون آیا تھا

؟____

2۔ اُن کی تفتیش کیا تھی جب وہ یروشلیم پہنچے ؟

____

____

3۔ آیت 2: وہ ____________اُس کا__________________ میں

________________ اور آیا

____ اُس کا ۔

اگریہ ماہرِ فلکیات صحرا میں رات کی تاریکی میں سفر کرتے اُن ستاروں کی چمکتی روشنی کے ساتھ ، تو اِس خاص ستارے کو ظاہری طور پر اُن کی توجہ کو حاصل کرنا تھا ۔ اِس پر غور کرنا اہم ہے کہ اُنہوں نے اُس کی پہچان " اُس کے ستارے" کے طور پر کی ، اُن کا ستارہ اُنہیں بادشاہ کی عبادت کے لیے لایا ۔

4۔ جو کچھ اُنہوں نے کہا اُس پر ہیرودیس بادشاہ کا ردِ عمل کیا تھا (3 آیت)؟

____

نوٹ: ہیرودیس بادشاہ ایک یہودی تھا جسے روم کی جانب سے یہودایہ کے بادشاہ کے طور پر خدمت کرنے کے مامور کیا گیا تھا ۔ وہ ایک سنگدل حکمران تھا جس نے اپنے ہی گھرانے کے کئی اراکین کو قتل کیا ہوا تھا ۔

1۔ سارے یروشلیم کا ردِ عمل کیا تھا ؟

©2013 CrossConnect ministries

2- کن کو ہیرودیس بادشاہ نے بُلایا (4 آیت)؟

سردار کاہن وہ تھے جو یروشلیم میں ہیکل کے انچارج تھے جہاں یہودی لوگ عبادت کرتے تھے - قانون سکھانے والے اُستاد، یا صدوقی ، پُرانے عہد نامے کی شریعت کے یہودی مفکرین تھے -

3- ہیرودیس بادشاہ نے اُن سے کیا کہا (4 آیت)؟

4- اُنہوں نے اُسے کیا بتایا (5 آیت)؟

وہ کیسے یہ جانتے تھے (6 آیت)؟

اپنے کراس ریفرنس کواستعمال کرتے ہوئے اِسے کہاں لکھا گیا تھا ؟

5- اب ہیرویس مجوسیوں کے ساتھ اکیلا ہے - وہ اُن سے کیا کہتا ہے (7 آیت)؟

پھر وہ اُنہیں بیت الحم کی جانب اُن کی را ہ پر بھیجتا ہے (8 آیت)- اُس نے اُنہیں کیا کرنے کے لیے کہا ؟

غور و خوص :

اِ سے پہلے کہ ہم کہانی کو جاری رکھیں آئیں کچھ وقت کے لیے اِس پر نظر ثانی کرنے کے لیے وقت لیتے ہیں - مجوسی پہلے یہودیوں کے اِس پیدا ہونے والے بادشاہ کو دریافت کرنے میں بہت پُر تجسس تھے کیونکہ اُنہوں نے مشرق میں اِسکا ستارہ دیکھا تھا - پھر وہ یروشلیم پہنچے اور اُن کا سوال ہے ، " یہودیو ں کا بادشاہ جو پیدا ہوا کہاں ہے ؟" وہ کہاں ہے ؟ ہم اُسے کہاں ڈھونڈ سکتے ہیں ؟ ہم اُسے دیکھنا چاہتے ہیں - ہم اُس کی عبادت کرنا چاہتے ہیں - اِسی لیے ہم آئے ہیں - اِسی لیے ہم کئی ہفتوں سے اِس سفر پر ہیں - ہم یسوع کو ڈھونڈ رہے تھے اور وہ اُس وقت تک شہر کو نہیں چھوڑ رہے تھے جب تک اُنہوں نے اُسے پا نہ لیا اور اُس کی عبادت نہ کر لی -

کیا میں بچے یسوع کی اُسی طرح گرمجوشی سے تلاش کی جیسے مجوسیوں نے کی ؟ کیا میرا تجسس ارادے میں بدل گیا ؟ وہ جانتا تھا کہ وہ کہاں تھا کیونکہ نبیوں نے اُس کے اور اُس کی پیدائش کے بارے لکھا تھا - کیا میں جانتا ہوں کہ اُسے کہاں تلاش کرنا ہے ؟ کیا میں نے گرمجوشی سے اُس کی تلاش کی ہے ؟ میں اُس کی تلاش کی اُمید کے ساتھ کہاں اُسے ڈھونڈ رہا ہوں ؟ وہ اپنے کلام میں ظاہر ہے - کیا میں اُسے پانے کی توقع رکھتا ہوں یا کیا میں اُس کی تلاش کے لیے ہر طرح کی عجیب و غریب جگہوں میں تلاش کر رہا ہوں ؟

مجوسی اُسے اِس لیے تلاش کرنا چاہتے تھے تاکہ وہ اُس کی عبادت کر سکیں - ہم کیا کریں گے جب ہم اُسے پاتے ہیں ؟ کیا ہم نجات دہندہ اور بادشاہ کے طور پر اُس کی پرستش کریں گے ؟ کیا ہم وعدہ کیے ہوئے مسیحا ، مسح کیے ہوئے کے طور پر اُس کی پہچان کریں گے ؟ جیسے خدا ہمارے لیے کلام کی سچائی کو عیاں کرتا ہے اِس سے ہم اُمید ، رحم

©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

، اور ہمیشہ کی زندگی کو قبول کریں گے جس کی وہ پیشکش کرتا ہے اور ہم اُس کے ساتھ عاجزی کے ساتھ سجدہ ریز ہونگے اور اُس کی پرستش کریں گے ؟ آپ کے دل کے وہ کونسے خیالات ہیں جنہیں آپ مشرق کے آئے مجوسیوں کی تلاش کو قیاس کرتے ہیں جو اُسے سجدہ کرنے اور عبادت کرنے آئے تھے ؟

____

____

____

 ©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

سبق نمبر دو - حصہ 2

تعارف:
یہ دیکھنے کے لیے بہت زیادہ وقت نہیں تھا کہ ہیرویس بادشاہ قتل کرنا شروع کرتا ہے - وہ جانتا ہے کہ یہ پیدا ہونے والا بچہ یہودیوں کا بادشاہ ہے - وہ جانتا کہ اُس کے مقامات کیا ہیں اور وہ مجوسیوں کو بیت الحم بھیجتا ہے - وہ اُنہیں اپنی خفیہ پارٹی کے طور پر بھیجتا ہے اور اُنہیں کہا کہ وہ بچے کی تلاش کریں اور جب وہ اُسے پا لیں تو اُسے واپس خبر کریں - وہ مجوسیوں کو اپنا بُرا اراد ہ بتانے کے لیے بھیس بدلتا ہے کہ وہ بھی اُس بچے کی عبادت کرنا چاہتا ہے -

مشق:
1- مجوسی ہیرودیس بادشاہ سے ملنے کے بعد ، وہ سادگی سے اپنی راہ پر چل دئیے - ہمیں ستارے کے بارے کیا بتایا گیا ہے (9 آیت)؟

____

____

2- وہ ستارہ اُنہیں اُس جگہ لے آیا جہاں وہ بچہ تھا ! ستارے کے لیے اُن کا کیا ردِ عمل تھا ؟

____

3- آخر کار ، وہ گھر میں پہنچے - جب اُنہوں نے بچے کو اُس کی ماں مریم کے ساتھ دیکھا اُنہوں نے کیا کیا (11 آیت)؟

____

4- اُنہوں نے مزید کیا کِیا ؟

____

5- اُن کے قیمتی تحفے کیاتھے ؟

الف- ______________________________

ب- ______________________________

ج- ______________________________

6- اُن کا سفر مکمل ہو گیا تھا - اُنہوں نے بچے کو پا لیا اور اُس کی پرستش کی تھی - اب وہ گھر واپس آنے کے لیے تیار تھے - ہمیں 12 آیت میں کیا بتایا گیا ہے ؟

____

____

ایسا کہنا بے فائدہ ہے کہ ، ہیرودیس پریشان ہے - اُسے پتہ چل چُکا ہے - اُس کا ارادہ ظاہر ہو چُکا تھا - کوئی جانتا ہے ! خدا باپ اپنے بیٹے کو بے پرواہی سے اِس بدکار اور قاتل بادشاہ کے ہاتھوں ذبح کرنے والا نہیں تھا -

 ©2013 CrossConnect ministries

اسائنمنٹ:

پڑھیے متی 2 : 13 - 23
اِسی دوران ، یوسف کی زندگی میں کیا رونما ہو رہا ہے ؟
اِس خاندان کے لیے خدا کا منصوبہ کیا ہے ؟
ہیرودیس نے کیا کیا جب اُس نے محسوس کیا کہ مجوسی واپس نہیں لوٹے ؟
خدا کی یوسف کے لیے دوبارہ کیا ہدایت تھی ؟

مشق:

1۔مجوسی چلے گئے ۔ فرشتہ رویا میں یوسف پر ظاہر ہوتا ہے ۔ حکم کیا تھا (13 آیت)؟

____

____

2۔ یوسف نے فرمانبرداری سے عمل کیا ۔ ہم کیسے جانتے ہیں کہ اُس نے 14 آیت میں لاچاری کی سمجھ کے ساتھ عمل کیا ؟

____

3۔ وہ مصر میں کتنا عرصہ رہے (15 آیت)؟

____

4۔ نبوت پوری ہوئی ۔ "______________ کا ______________ میں
______________ میرے ______________ ۔ " کراس
ریفرنس کو استعمال کرتے ہوئے اِس نبوت کو کہاں قلمبند کیا گیا ؟

____

نوٹ: بہت عرصہ قبل خدا کے چُنے ہوئے لوگوں کو مصر سے باہر لایا گیا تھا ، اب وہ اپنے اکلوتے بیٹے کو اُسی طرح مصر سے باہر لا رہا تھا ۔

5۔ ایک اور نبوت پورا ہونے کو تھی ۔ ہیرودیس نے کیا ادراک کیا (16 آیت)؟

____

____

6۔ اِس غصے میں اُس نے کیا کرنے کا حکم دیا ؟

____

____

بے رحمی سے مارے جانے والے بچوں کا محض اندازہ لگایا جا سکتا ہے بلکہ یہاں بیت الحم کے اردگرد چھوٹے گاوں میں غمزدہ خاندانوں کے لیے کوئی تسلی نہ تھی ۔

 ©2013 CrossConnect ministries

7- یہ آخری ہے جو ہم ہیرودیس بادشاہ کے لیے سُنتے ہیں - اگلی چیز جو ہم پڑھتے ہیں وہ یہ کہ وہ مر چُکا ہے - دوبارہ ، خداوند کا فرشتہ رویا میں یوسف کے پاس آیا - اِس وقت اُس کی کیا ہدایات تھیں (19 - 20 آیات)؟

8-یوسف نے فرمانبرداری سے جواب د یا اور اسرائیل کی سرزمین کی طرف لوٹ گیا لیکن اُس کے منصوبوں میں کیا تبدیلی ہوئی ؟

9-اُسے بھی یہوداہ کے بیت الحم میں واپس نہ جانے کے لیے خبردار کیا گیا تھا - وہ کہاں اپنے خاندان کے ساتھ رہا ؟

10- نقشے پر یسوع کی خدمت مندرجہ ذیل جگہوں پر ہوتی ہے "
الف- یہودیہ کے ریجن یروشلیم کے شہر میں ،
قریبی گاوں بیت الحم میں ، اور
شمال کی جانب ناصرت کے قصبے میں ، جو مغرب کے گلیلی سمندر کے پاس ہے -

غور و خوص:

مجوسی یسوع کو سجدہ کرنے کے لیے آئے - ہیرودیس بادشاہ نے اُس کے قتل کا منصوبہ بنایا - اور خدا کی راہنمائی کے ساتھ یوسف کی حساسیت نے اُ س بچے کو اُس کی ماں کے ہاتھوں میں محفوظ بنایا - مجوسیوں نے اُس کے ستارے کو فرق طور پر پہچانا اور بیت الحم کے لیے اِس کی پیروی کرتے ہوئے لمبے سفر کو اختیار کیا - ہیرودیس بادشاہ نے پہچان کی کہ یہ بچہ یہودیوں کا بادشاہ پیدا ہوا ہے وہ اُس کی طاقت اور اُس کے مقام سے ڈرا اور اُسے قتل کرنے کا منصوبہ بنایا - یوسف نے اپنی فرمانبردارنہ ذمہ داری کی پہچان کی جو کہ اُس بچے کے آسمانی باپ کی مرضی تھی اور رات کے وقت اپنے خاندان کے ساتھ مصر کو چھوڑا اور تب تک وہاں نہ رہا جب تک کہ غیر واضح ناصرت کا قصبہ درست نہ ہو گیا -

یہ سب لوگ مشن پر تھے - کس کے ساتھ آپ اپنی پہچان کرتے ہوئے اپنے آپ کو پاتے ہیں ؟ کیا یہ مجوسی ہو سکتا تھا جس نے بچے یسوع کی اپنے تحفوں کے ساتھ تکریم کی ، اپنے احترام کے ساتھ ، اپنی عبادت کے ساتھ اور تعریف کے ساتھ ؟ ہو سکتا ہے آپ بچے کو پہلے ہی سے جانتے ہوں -

---

کیا یہ ہیرودیس ہو سکتا تھا ؟ بےشک ، آپ بچے یسوع کو مارنے کی کوشش کے لیے باہر نہیں جاتے ہیں لیکن کیا آپ اُسے اپنی مقام ، اپنی طاقت ، اپنا طرز زندگی ، اور خواہش کے طور پر دیکھتے ہیں ؟ آپ ہو سکتا ہے اُسے نظر انداز کرنے کا انتخاب کرتے ہیں اور بچے کو بھوکا رکھنے کی کوشش کرتے ہیں جو محض آپ سے محبت کرنا اور آپ سے محبت کیا جانا چاہتا ہے -

---

کیا آ پ یوسف کے ساتھ اپنی پہچان کرنے کی تلاش کر سکتے ہیں جس نے فرمانبرداری سے عمل کیا ، ساری بُرائی سے بچتے ہوئے جو اُس بچے یسوع کو تباہ کرنے کی تلاش میں تھی ؟ یوسف نے خدا کی چیزوں کی نگہبانی کی - آپ

©2013 CrossConnect ministries

ایک ہو سکتے ہیں جو سرگرمی سے اپنے دل و دماغ کی نگہبانی کرتے ہیں ، فرمانبرداری سے اُس کی مرضی کو پورا کرتے ہوئے ۔

جس کسی کے ساتھ بھی آپ اپنی شناخت رکھیں ، فرشتے کے الفاظ کو یاد رکھیں ، " میں تمہار ے لئے بڑی خوشی کی خبر لاتا ہوں جو سب لوگوں کے لیے ہوگی۔۔۔ تمہارے لیے نجات دہندہ پیدا ہوا ہے ، وہ مسیح خداوند ہے !"

 ©2013 CROSSCONNECT MINISTRIES

سبق نمبر دو ۔ حصہ 3

تعارف: کرسمس کی کہانی کی پیروی کرتے ہوئے لوقا ہیکل میں یسوع کی دو کہانیوں کے ساتھ اپنی تحریر کو جاری رکھتا ہے ۔ پہلی کہانی رونما ہوتی ہے جب تقریباً چھ ہفتوں کا تھا اور دوسری جب وہ 12 سال کا تھا ۔ یہ وہ تفصیلات ہیں جو ہم یسوع کے پروان چڑھنے کے لیے رکھتے ہیں ۔

اسائنمنٹ:

پڑھیے لوقا 2 : 21 -24

آٹھویں روز یہودی لڑکے بچوں کے ساتھ کیا واقع ہوا ؟

یوسف اور مریم کیوں ہیکل میں آئے تھے ؟

اسرائیل کے لوگوں کے لیے نذر کا کیا مطلب تھا ؟

مشق:

1- یسوع کی عمر کیا تھا (21 آیت)؟

____

2- یہودی لڑکے کی زندگی میں اِس خاص دن پر کونسی دو چیزیں رونما ہوئیں ؟

الف۔

____

ب۔ ______________________________

نوٹ: ختنہ واپس ابراہام کے وقت کی طرف حوالہ دیتا ہے (پیدائش 17) جب خدا نے ابراہام کے گھرانے ساتھ عہد باندھا تھا ۔ ختنہ اُس عہد کا نشان تھا ۔ اُسے اُن کا خدا اور اُن کی نسل کا خدا ہونا تھا اور اُنہیں اُس کے لوگ ہونا تھا ۔ یہ اُس وقت بھی تھا جب دونوں ابرا م اور ساری کو نئے نام ابراہام اور سارہ دیے گئے تھے ۔

3- آٹھویں دن یسوع کو قانونی طور پر نام دیا گیا (لوقا 2 : 21)۔ کب اُسے اُس کا نام دیا گیا تھاَ؟

____

4- احبار 12 میں ہمیں پاکیزگی کے متعلق موسیٰ کی شریعت کےبارے بتایا گیا ہے ۔ اب یسو ع کی پیدائش کے چالیس دن بعد مریم کی طہار ت کے دن پورے ہوتے ہیں اور ہم ہیکل میں اُسے یوسف کے ساتھ پاتے ہیں (لوقا 2 : 22)۔ مریم کی طہارت نے اُسے اجازت دی کہ وہ ہیکل میں آئے ۔ کیوں وہ اور یوسف آئے (22 - 23 آیات)؟

____

____

 ©2013 CrossConnect ministries

5 - خروج 13 : 2 میں یہ خدا کی طرف سے حکم دیا گیا تھا جب اُس نے کہا ، " پہلوٹھی کے بچے کو میر ے لئے مقدس ٹھہرا -" اسرائیل کی نسل کا پہلوٹھا خواہ وہ انسان کا ہو یا حیوان کا اُس کا تعلق خدا سے تھا - اِس نے بچے یسوع کے لیے کیا مفہوم پیش کیا ؟

یسوع کا تعلق خداوندسے تھا - وہ انسانی مخلوق کے طور پر آیا نا صرف اپنے مقاصد کو بلکہ اپنے باپ کی مرضی کو پورا کرنے کے لیے آیا - یہی ہے جو اِس کا مطلب تھا کہ یسوع پہلوٹھے کے طور پر خداوند کے لیے نذر کیا ہوا تھا -

6- قُربانی بھی دی گئی تھی - احبار 12 : 6 - 8 کے مطابق قُربانی کے لیے کیا تقاضے تھے ؟

7- لوقا 2: 24 میں ہمیں کیا بتایا گیا جو مریم اور یوسف کو قُربانی کے لیے لائے تھے ؟

نوٹ: یہاں دو چیزیں ہیں جنہیں اُن کی قُربانی کے متعلق کہا جا سکتا ہے : 1) وہ ایک سال کے برے کی گنجائش نہیں رکھ سکتے تھے لہذا وہ دو قُمریاں یا کبوتر لائے -

2) وہ برے کو لائے ، لیکن اُس وقت وہ اِسے نہیں جانتے تھے ، اور کبوتروں کو بھی - یوسف کا حوالہ یوحنا 1 : 36 میں دیا گیا ہے - جب یوحنا بپتسمہ دینے والے نے یسوع کو پاس سے گزرتے دیکھا، اُس نے کیسے اُس کا حوالہ دیا ؟

مریم اور یوسف نے اُس سب کو پورا کر دیا جسے ختنے کے متعلق موسیٰ کی شریعت میں ترتیب دیا تھا ، بچے کا نام رکھتے ہوئے ، اور طہارت کی رسم کو پورا کرتے ہوئے -

درس و تدریس :

یسو ع کے ختنے اور نذر کیے جانے نے اُس قانون کو پورا کر دیا جو خدا نے اپنے لوگوں کو دیا تھا جب اُس نے ابراہام کے ساتھ عہد باندھا تھا (پیدائش 17)- ہمارے لیے یہ سمجھنا بہت اہم ہے کہ نا ہی اِن اعمال کو بچے کی مرضی یا فیصلے سے عمل میں لایا گیا - بلکہ ، والدین اِس کے لیے فرمانردار تھے جو خدانے اپنے لوگوں کے لیے اِس کے وسیلہ اُس کے ساتھ تعلق کے لیے حکم دیا تھا -

اسرائیل عہد کے ماتحت رہا - عہد کی فرمانبرداری میں جس کی خدا نے ابتدا کی اور بچے کے لیے چاہتا تھا ، بچے کا نام رکھا گیا - باپ کی طرف سے بچے کو نام دیا گیا - قانونی طور پر ، بچے کا تعلق خاندان سے تھا اور خدا کے لوگوں کے گھرانے سے - بچے نے خدا کے آزاد اور معاف کیے ہوئے خاندا کے رکن کے طور پر زندگی بسر کی -

کوئی مدد نہیں کر سکتا بلکہ سوال پوچھ سکتا ہے : کہاں میں آسمانی باپ کے آزاد اور معاف کیے ہوئے فرزند کے طور پر زندگی گزارنے کے ساتھ جڑ سکتا ہوں ؟

استثنا 30 : 6 ہمیں بتاتی ہے کہ

خدا____ آپ کی

_____________________ اور __________________________________ آ پکی

_______________________________تاکہ آپ

____________________________________اپنے سب کے ساتھ ___________________________________

اور اپنے سارے __________________________ اور

©2013 CrossConnect ministries

نئے عہد نامے میں ہم سیکھتے ہیں کہ خدا ختنے کے عمل کو بپتسمے کے ساتھ تبدل کرتا ہے ، جو کہ اُس کے نئے عہد کا نشان ہے ۔ بپتسمہ میں ہم خدا کے آزاد اور معاف کیے ہوئے خاندان کا حصہ بنتے ہیں ۔ پانی اور کلام کو بپتسمہ میں استعمال کیا گیا جو ہمارے لیے اعلان کرتا ہے کہ باپ ، بیٹے اور روح القدس کے نام سے ہمارے گناہ معاف کیے جاتے ہیں ۔ یسوع کی وجہ سے ہم اپنی زندگیوں کے لیے نئے اختیار نیچے آتے ہیں ! بپتسمہ کا تعلق ہمارے ساتھ اور ہر چیز کا تعلق خدا کے ساتھ ہے۔ ہماری زندگیوں میں یہ خدا کا عمل ہے ۔ یہ خدا کا ہمارے گناہوں کو معاف کرناہے ۔ یہ خدا کا ہمیں اپنے فرزند بنانا ہے ۔ یہ خدا کا ہمیں اپنا بنانے کا دعویٰ کرنا ہے ۔ یہ خدا کا ہمیں اپنا روح القدس دینا ہے تاکہ ہماری زندگیاں نئی بنیں ، اور اپنے چوگرد دُنیا میں اُس کے چہرے کا عکس ہوں ۔

یاد دہانی :

کلسیوں 2 : 11- 12 ختنے اور بپتسمہ کو جوڑتی ہیں ۔ گناہ آلود فطرت کو ختم کیا گیا ۔ مسیح میں ہمارے دل ختنہ والے بن چُکے ہیں ۔ بپتسمہ میں ہم اُس کے ساتھ دفنائے جا چُکے ہیں اور خدا کی قدرت میں ایمان کے وسیلے مسیح کے ساتھ دوبارہ زندہ ہوتے ہیں ، وہی قدرت جس نے یسوع کو مُردوں میں سے زندہ کیا ۔

یہ آیا ت کہتی ہیں ، " میں ________________ تُم (اپنا نام رکھیں)

بھی________________ میں

________________ کا ________________

اِس کے ساتھ نہیں________________ کیا گیا

________________ کا

________________ لیکن ساتھ ________________ کیا گیا

________ ہوا ________________ ساتھ ________________ میں

________________ اور ________________ ساتھ

________________ تمہارے وسیلے ________ میں ________________

کا________ جو________________ اُس کا

ایک بار جب آپ نے اِس آیت کو انڈکس کارڈ پر لکھ لیا اور اِسے یاد کر لیا ، تو خداوند سے درخواست کیجیے کہ وہ آپ کو یقین رکھنے کے لیے ایمان دے کیونکہ وہ آپ کو اپنا فرزند بنانا چاہتا ہے ۔ اگر آپ نے بپتسمہ نہیں لیا اور یقین کیجیے کہ خداوند آپ کو جرات دے رہا اور اُس کے کلام پر یقین رکھنے کے لیے ایمان میں آپ کو بُلا رہا ہے تو اپنی کلیسیا کے راہنما یا مسیحی دوست سے کہیے کہ وہ آپ کے بپتسمہ کے لیے پانی لائے اور اُس کے الفاظ کو گلے لگاتے ہوئے کہے جب آپ الفاظ کو سُنتے ہیں کہ ، " میں تُجھے باپ بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دیتا ہوں !"

دعا:

اے خداوند ، تُو نے اپنے لوگوں کو اپنا بنانے کا دعویٰ کیا ۔ تُو نے اُن کے ساتھ عہد باندھا ۔ تُو نے اُن کا خدا ہونے کا وعدہ کیا اور وعدہ کیا کہ وہ تیرے لوگ ہونگے ۔ ہر چیز کا انحصار تُجھ پر ہے اور اُن کے ساتھ کیے گئے تیرے وعدوں پر ۔ میں یہ محسوس کرتے ہوئے تیرے سامنے آتا ہوں کہ تُو نےاپنے لوگوں کے لیے سب کچھ کیا اور تُو ایک ہے جس نے میرے لیے ہر چیز کی ۔ تُو نے مجھ پر اپنا حق جتایا ۔ تُو نے مجھے نئی ملکیے کے نیچے رکھا جب میں

 ©2013 CrossConnect ministries

تُجھ میں ایمان کے ساتھ زندگی بسر کرتا ہوں ۔ تُو نے مجھے یقین دہانی کرائی کہ میرے گناہ معا ف کیے گئے ہیں ۔ میں تیرے فضل اور حمایت کے نیچے زندگی گزارنے کے لیے آزاد ہوں ۔ تُو جانتا ہے کہ میری گناہ آلود راہیں مسیح کے ساتھ دفن کی جا چُکی ہیں اور اُس کے ساتھ نئی زندگی کے ساتھ جی اُٹھی ہیں ، میں جانتا ہوں کہ میرے گناہ معاف کیے گئے ہیں ۔ اِس کے لیے میں تیرا صرف شکریہ اور تعریف کر سکتا ہوں ۔

 ©2013 CrossConnect ministries

سبق نمبر دو ۔ حصہ 4

تعارف:

جیسا کہ ہم اپنی پڑھائی کی طرف آگے بڑھتے ہیں دو معنی خیز افراد کا ذکر لوقا 2 کی اگلی آیات میں کیاگیا ہے ۔ دونوں عمر میں بڑے ہیں اور دونوں یہ تصدیق کرتے ہیں کہ یسوع مسیحا ، وعدہ کیا ہوا ہے ۔ یہ دو اشخاص پُرانے عہد نامے کی نئے عہد نامے کے ساتھ ایک پُل کی حیثیت رکھتے ہیں جو اُن وعدوں کو پورا کرتے ہیں ۔

اسائنمنٹ:

پڑھیے لوقا 2 : 25 -35
اِن آیات میں کس کے نئے کردار کا ذکر کیا گیا ہے ؟
اُس نے بچے کے بارے میں کیا کہا ؟
مریم کے لیے اُس کے الفاظ کیا تھے ؟

مشق:

1- ہم 25 آیت میں شعمون کے بارے میں کیا سیکھتے ہیں ؟
الف________________ اور ________________
ب- ________________________________
ج - ________________________________

2-خدا کے روح نے اُس کے لیے کیا آشکارہ کیا (26 آیت)؟

____

____

3- تحریک ________________ جہاں کہیں وہ گیا (27 آیت)؟

____

4- اِس خاص دن پر اور کیا خاص رونما ہوا ؟

____

5- ہمیں کیوں بتایا گیا کہ وہ وہاں تھے (27 آیت)؟

____

©2013 CrossConnect ministries

